# ضمیمہ - 4

## اسٹاک بروکر، ذیلی بروکروں اور کلائنٹس کے حقوق اور ذمہ داریاں

***سیبی اور اسٹاک ایکسچینجوں کے ذریعہ وضع کردہ***

1. کلائنٹ ان سیکورٹیز/کانٹریکٹس/ دیگر انسٹرومینٹ میں سرمایہ کاری/ ٹریڈ کرے گا جو ایکسچینج پر ہونے والے معاملات میں داخل ہوں جیسا کہ ایکسچینج/ سیکورٹیز اور ایکسچینج بورڈ آف انڈیا (سیبی) کے قوانین، ذیلی قوانین و ضوابط میں اور اس کے وقتا فوقتا جاری کردہ سرکلروں/نوٹسوں میں بیان کیا گیا ہے۔

2. اسٹاک بروکر، ذیلی بروکر اور کلائنٹ ایکسچینج کے تمام قوانین و ضوابط اور اس کے تحت جاری کردہ سرکلروں/ نوٹسوں اور سیبی کے قوانین و ضوابط اور حکومتی اہلکار کے متعلقہ نوٹیفیکیشن کے پابند ہونگے جو وقتا فوقتا نافذ ہو سکتے ہیں۔

3. اسٹاک بروکر کے توسط سے اسیکوریٹیز میں معاملہ کرنے اور / یا ڈیریویٹیز کانٹریکٹ میں معاملہ کرنے اور اپنے آرڈر کی تعمیل کرانے کے لئے کلائنٹ کو اسٹاک بروکر کی استطاعت سے مطمئن ہو اور اسٹاک بروکر کے توسط سے آرڈر کی تعمیل سے پہلے کلائنٹ کو لگاتار اسٹاک بروکر کی استطاعت پر اطمینان ہو۔

4. اسٹاک بروکر مسلسل کلائنٹ کی اصلیت اور مالی حالت اور فراہم کی جانے والی سروسز سے متعلق سرمایہ کاری کی اغراض و مقاصد سے مطمئن ہو۔

5. اسٹاک بروکر ایسے اقدامات کرے گا جس سے کلائنٹ کو انجام دیئے جانے والے کاروبار سے متعلق اسٹاک بروکر کی قانونی ذمہ داری کی نوعیت سے اچھی طرح واقفیت ہو، بشمول ایسی حدود، ذمہ داری اور استطاعت جن میں اسٹاک بروکر کام کرتا ہے۔

6. ذیلی بروکر اسٹاک بروکر کو کلائنٹ (کلائنٹس) کے ساتھ اس کے سبھی معاملات میں ضروری مدد فراہم کرے گا اور تعاون کرے گا۔

### کلائنٹ کی معلومات

7. کلائنٹ "اکاونٹ کھولنے کے فارم" میں ایسی تمام تر تفصیلات مہیا کرائے گا جو اسٹاک بروکر کو ضروری ہوں اور وہ معاون تفصیلات بھی مہیا کرائے گا جنہیں اسٹاک ایکسچینج/سیبی نے وقتا فوقتا لازمی قرار دیا ہے۔

8. کلائنٹ اپنے آپ کو اکاونٹ کھولنے کے دستاویز میں تمام لازمی دفعات سے خود کو واقف کرائے گا۔ کلائنٹ کے ذریعہ قبول کردہ شرائط و ضوابط کے مطابق کوئی اضافی شق یا دستاویزات جنہیں اسٹاک بروکر نے بیان کیا ہو، غیر لازمی ہوں گے۔

9. کلائنٹ فوری طور پر اسٹاک بروکر کو تحریری طور پر اطلاع دے گا اگر اکاؤنٹ کھولنے کے فارم میں اکاؤنٹ کھلتے وقت دی جانے والی معلومات میں کوئی تبدیلی واقع ہوتی ہے؛ بشمول بند کرنے کی درخواست / دیوالیہ ہونے کی درخواست یا قانونی چارہ جوئی جو اس مادی صلاحیت پر اثرانداز ہو سکتی ہو۔ کلائنٹ وقتا فوقتا اسٹاک بروکر کو اپنی مالی معلومات فراہم کرے گا / اس کو تازہ کرے گا۔

10. اسٹاک بروکر اور ذیلی بروکر کلائنٹ کی تمام تفصیلات کے ساتھ رازداری برتے گا جو کہ اکاونٹ کھولنے کے فارم میں مذکور ہوں یا کلائنٹ سے متعلق کوئی دوسری معلومات، اور وہ اس کا انکشاف کسی فرد/اتھارٹی کو نہیں کریں گے

ماسوائے ایسی صورت کے جب یہ معلومات قانونی / انضباطی ضروریات کے تحت مطلوب ہوں۔ تاہم بشرطیکہ اسٹاک بروکر کلائنٹ کی معلومات کا انکشاف کسی فرد یا اتھارٹی پر کلائنٹ کی واضح منظوری سے کر سکتا ہے۔

**مارجنس**

11. کلائنٹ اپنے ذریعہ ٹریڈ کئے جانے والے شعبوں میں قابل اطلاق ابتدائی مارجنس، ودہولڈنگ مارجنس، اسپیشل مارجنس یا اسی قسم کی دیگر مارجنس کی ادائیگی کرے گا جنہیں اسٹاک بروکر یا ایکسچینج یا سیبی وقتا فوقتا ضروری قرار دیتے ہوں۔ اسٹاک بروکر کو اس کے اپنی صوابدید پر اضافی مارجنس حاصل کرنے کا اختیار ہے ( اگرچہ ایکسچینج، کلیئرنگ ہاؤس/کلیئرنگ کارپوریشن یا سیبی کی طرف سے ایسا کرنا ضروری نہیں ہو) اور کلائنٹ کو یہ مارجنس مقررہ وقت کے اندر ادا کرنے ہوں گے۔

12. کلائنٹ اس بات کو سمجھتا ہے کہ کلائنٹ کے ذریعہ مارجنس کی ادائیگی سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ کلائنٹ کے تمام تر واجب الاداء بقایا جات کی ادائیگی ہو گئی ہے۔ مسلسل مارجنس کی ادائیگی کے باوجود، کلائنٹ کو اپنی ٹریڈ کے تصفیہ پر لازمی طور پر کانٹریکٹ کی ضرورت/مطالبہ کے مطابق ادائیگی کرنی (یا وصول کرنے کا مستحق ہو سکتا ہے) ہو سکتی ہے۔

**لین دین اور تصفیئے**

13. کلائنٹ سیکوریٹی / ڈیریویٹیوز کا تحریری یا ایسی شکل میں آرڈر دے گا جس پر کلائنٹ اور اسٹاک بروکر دونوں باہم رضامند ہوں۔ اسٹاک بروکر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ وہ اس کلائنٹ کو تفویض کردہانفرادی کلائنٹ کوڈ میں ہی آرڈر پلیس کرے اور کلائنٹ کے ٹریڈ کی تعمیل کرے۔

14. اسٹاک بروکر کلائنٹ کو مطلع کرے گا اور ٹریڈنگ / تصفیہ سائیکل، ڈیلیوری / ادائیگی شیڈولس، وقتا فوقتا ان میں واقع ہونے والی تبدیلیوں سے کلائنٹ کو مطلع کرے گا اور کلائنٹ کی یہ ذمہ داری ہوگی کہ وہ جہاں ٹریڈ کی تعمیل ہوئی ہو ان کے شیڈولس/طریقہ کار پر عمل کرے۔

15. اسٹاک بروکر اس امر کو یقینی بنائے گا کہ کلائنٹ کے ذریعہ ڈیپازٹ کردہ رقم/سیکورٹیز کو ایک علیحدہ اکاونٹ میں، اپنے خود کے یا کسی دوسرے کلائنٹ کے اکاونٹ سے الگ رکھے اور اس کا استعمال اسٹاک بروکر نہ تو خود کے لئے یا کسی دوسرے کلائنٹ کے لئے یا کسی دوسرے مقصد کے لئے کرے جو سیبی کے قوانین و ضوابط، سرکلر، نوٹسوں، گائیڈ لائنز اور / یا ایکسچینج کے قانون و ضوابط، ذیلی قوانین، سرکلر اور نوٹسوں میں بیان کردہ ہیں۔

16. اگر ایکسچینج کسی ٹریڈ (ٹریڈز) کو خود سے منسوخ کردیتا ہے، بشمول کلائنٹ کی جانب سے کئے جانے والے ٹریڈز بھی بذات خود منسوخ ہو جائیں گے، اسٹاک بروکر کلائنٹ کے ساتھ متعلقہ کانٹریکٹ کینسل کردینے کا مستحق ہوگا۔

17. ایکسچینج پر تعمیل کئے جانے والے لین دین متعلقہ ایکسچینج کے قوانین، ضوابط، بائے لاز، اسکے سرکلر/نوٹسوں سے مشروط ہوتے ہیں اور اس ٹریڈ سے وابستہ تمام فریق اس ایکسچینج کے قوانین و ضوابط، بائے لاز میں بیان کردہ کورٹ کے دائرہ اختیار میں قوانین، ضوابط اور بائے لاز کے نفاذ کے لئے ہوں گے۔

**دلالی (بروکریج)**

18. کلائنٹ اسٹاک بروکر کو بروکریج اور وقتا فوقتا کلائنٹ کے اکاونٹ، لین دین اور اسٹاک بروکر کے ذریعہ فراہم کی جانے والی خدمات پر قابل اطلاق قانونی محصولات ادا کرے گا۔ اسٹاک بروکر متعلقہ ایکسچینج اور / یا سیبی کے قوانین و ضوابط کے تحت اجازت شدہ زیادہ سے زیادہ بروکریج چارج نہیں کرے گا۔

**لیکویڈیشن اور پوزیشن کا بند ہو جانا**

19. اسٹاک بروکر کے دیگر حقوق پر منفی اثر ڈالے بغیر (بشمول کسی معاملہ کو ثالث کو ریفر کرنا)، کلائنٹ اس بات کو سمجھتا ہے کہ اسٹاک بروکر کلائنٹ کے ذریعہ مارجن یا دیگر رقومات، واجبات وغیرہ کی عدم ادائیگی پر کلائنٹ کی کسی یا تمام پرزیشنوں کو لکویڈیٹ کرنے/بند کرنے کا حق رکھتا ہے اور اس طرح کے لکویڈیشن/بند کرنے سے حاصل ہونے والی رقم میں سے، اگر کوئی ہو، کلائنٹ کے واجبات کو ایڈجسٹ کر سکتا ہے۔ اس قسم کے لکویڈیشن / پوزیشوں کو بند کرنے سے واقع ہونے والے تمام نقصانات اور چارجز کو کلائنٹ کو برداشت کرنا ہوگا۔

20. کلائنٹ کی موت یا دیوالیہ یا اس کے ڈیلیوری وصول کرنے اور ادائیگی نہ کرسکنے نیز سیکورٹیز، جن کی خریداری یا فروخت کا کلائنٹ نے آرڈردیا ہو، منتقل نہ کرسکنے کی صورت میں اسٹاک بروکر کلائنٹ کے لین دین کو بند کر سکتا ہے اور ہونے والے کسی نقصان کا دعوی کلائنٹ کے اثاثہ جات سے کر سکتا ہے۔ کلائنٹ یا اس کا نامزد کردہ فرد، اس کے وارثین، اور حقوق تفویض کردہ فرد اس سے بچی ہوئی رقم کے حقدار ہوں گے۔ کلائنٹ یہ نوٹ کرے کہ اسٹاک بروکر فنڈز/سیکورٹیز کی منتقلی نامزد کردہ فرد کے حق میں کرے گا نہ کہ قانونی وارث کے حق میں۔

21. اسٹاک بروکر کسی کلائنٹ کے ذریعہ ادائیگی / ڈیلیوری نہ کئے جانے اور اسی قسم کے دیگر خامیوں کو متعلقہ اسٹاک ایکسچینج کے علم میں لائے گا۔ اگر ڈیفالٹ کرنے والا کلائنٹ ایک کارپوریٹ ادارہ ہو / پارٹنرشپ/پروپرائٹری فرم ہو یا کوئی دیگر مصنوعی قانونی ادارہ ہو، تو ڈائریکٹروں/پروموٹروں/پارٹنروں/پروپرائٹرکے نام کی سفارش بھی اسٹاک بروکر کے ذریعہ اسٹاک ایکسچینج کے پاس کی جائے گی۔

**تنازعہ کا حل**

22. اسٹاک بروکر کلائنٹ کو متعلقہ ایکسچینج اور سیبی کی رابطہ کی تفصیلات فراہم کرے گا۔

23. اسٹاک بروکر اپنے توسط سے انجام دیئے گئے تمام لین دین سے متعلق کلائنٹ کی شکایات کا ازالہ کرنے میں تعاون کرے گا اور شیئر کی خراب ڈیلیوری دور کرنے نیز خراب ڈیلیوری کی اصلاح کرنے وغیرہ میں تعاون کرے گا۔

24. کلائنٹ اور اسٹاک بروکر ڈیپازٹ، مارجن رقم وغیرہ سے متعلق کسی بھی دعوی / یا تنازعات کو اس ایکسچینج کے قوانین و ضوابط، ذیلی قوانین کے مطابق ثالثی کے لئے بھیجے گا جہاں جہاں ٹریڈ کی تعمیل ہوئی ہواور سرکلرس/نوٹس جاری کئے گئے ہوں جو وقتا فوقتا نافذ العمل ہو سکتے ہیں۔

25. اسٹاک بروکر اپنے اور کلائنٹ کے مابین ہونے والے کسی لین دین سے اٹھنے والے کسی بھی تنازعہ کی ثالثی کاروائی کی تیز رفتاری سے مکمل ہونے کو یقینی بنائے گا اور ان کاروائیوں میں کئے جانے والے ثالثی فیصلوں کے نفاذ کے لئے ذمہ دار ہوگا۔

26. کلائنٹ/اسٹاک بروکر یہ سمجھتے ہیں کہ ایک مجاز نمائندے کے ذریعہ کلائنٹ /اسٹاک بروکر تنازعہ کے حل کے لئے جاری کردہ ہدایات، اگر کوئی ہو، کو کلائنٹ / اسٹاک بروکر کی جانب سے معاملہ کرنے کی اجازت نامہ کی رو سے مذکورہ نمائندے کے فیصلے کو کلائنٹ/اسٹاک بروکر دونوں کو ماننا ہوگا۔

**رشتہ کا اختتام**

27. اسٹاک بروکر اور کلائنٹ کا یہ رشتہ ختم ہو جائے گا؛ اگر کسی سبب سے اسٹاک بروکر اسٹاک ایکسچینج کا ممبر باقی نہیں رہ جاتا، بشمول اسٹاک بروکر کے ڈیفالٹ کے سبب اس کی رکنیت کا خاتمہ، موت، استعفی یا بورڈ کے ذریعہ سرٹیفکیٹ کی منسوخی کی وجہ سے رکنیت ختم ہونا۔

28. اسٹاک بروکر، ذیلی بروکر اور کلائنٹ دوسرے فریق کو بغیر کوئی وجہ بتائے بھی، کم سے کم ایک ماہ کا تحریری نوٹس دیگر فریق کو دیکر اس تعلق کو ختم کر سکتے ہیں۔ ایسی کسی ختم تعلق کے باجود، اس ختم تعلق سے قبل کئے گئے لین دین کی تمام تر حقوق و ذمہ داریاں، واجبات فریقین کے ذمہ واجب الاداء ہونگے اور وہ، ان کے وارثین، عاملین، منتظمین، قانونی نمائندگان یا جانشین اس کے لئے ذمہ دار ہونگے۔

29. ذیلی بروکر کی موت/دیوالیہ ہو جانے کی صورت میں یا بورڈ کے ذریعہ اس کا رجسٹریشن منسوخ کردیئے جانے / اسٹاک ایکسچینج کے ذریعہ ذیلی بروکر کی پہچان سے دستبردار ہو جانے کی صورت میں اور / یا اسٹاک بروکر کے ذریعہ ذیلی بروکر سے معاہدہ ختم کردینے کی صورت میں، خواہ کسی بھی وجہ سے ہو، کلائنٹ کو اس کے بارے میں اطلاع دی جائے گی اور اس طرح کلائنٹ براہ راست اسٹاک بروکر کا کلائنٹ سمجھا جائے گا اور 'حقوق اور ذمہ داریاں' نامی دستاویز میں بیان کردہ اسٹاک بروکر، ذیلی بروکر اور کلائنٹ کے بارے میں تمام شقیں برقرار رہیں گی، تاوقتیکہ کلائنٹ ایک ماہ کا تحریری نوٹس دیکر اسٹاک بروکر سے اپنے کاروباری تعلقات کے اختتام کی اطلاع دے۔

**اضافی حقوق اور ذمہ داریاں**

30. اسٹاک بروکر اپنے ذریعہ کئے گئے معاملات میں کلائنٹ کے ڈیوینڈ کے حقوق، بونس شیئر کے حصول کا حق وغیرہ کو یقینی بنائے گا اور ایسا کوئی عمل نہیں کرے گا جس سے ان کلائنٹ کے مفاد کو نقصان پہنچ سکتا ہو جن کے لئے یا جن کے ساتھ انہوں نے سیکورٹیز میں معاملات کی ہو۔

31. اسٹاک بروکر اور کلائنٹ وقتا فوقتا سیبی کی طرف سے اور جہاں ٹرید انجام پاتا ہے اس ایکسچینج کی طرف سے جاری کردہ قوانین و ضوابط، ذیلی قوانین، سرکلر، نوٹس اور رہنما خطوط کی مطابقت میں اپنے اکاونٹس کا جائزہ لے کر ان کے ذمہ واجب الادا کی ادائیگی کریں گے۔

32. اسٹاک بروکر اپنے حلقہ کے لئے ایکسچینج کے ذریعہ وقتا فوقتا تجویز کردہ فارمیٹ میں تعمیل کردہ ٹریڈ کے لئے ایک کانٹریکٹ نوٹ جاری کرے گا جس میں تمام لین دین کی تفصیلات بشمول آرڈر نمبر، ٹریڈ نمبر، ٹریڈ کا وقت، ٹریڈ کی قیمت، ٹریڈ کی تعداد، ڈیریویٹیز کانٹریکٹ کی تفصیلات، کلائنٹ کوڈ، بروکریج (دلالی)، تمام تر عائد کردہ چارجز وغیرہ شامل ہونگے علاوہ ازیں اس میں وہ تمام تر تفصیلات موجود ہوں گی جو ایکسچینج کے ذریعہ دی جانی لازمی ہوں گی۔ اسٹاک بروکر ڈیجٹل دستخط کا استعمال کرتے ہوئے کانٹریکٹ نوٹ سرمایہ کاروں کو ٹریڈ کی تعمیل کے ایک کام کے دن کے اندر، چھپی ہوئی صورت میں اور / یا الیکٹرانک شکل میں ارسال کرے گا۔

33. اسٹاک بروکر فنڈز کے پے آوٹ یا سیکورٹیز کی ڈیلیوری (جیسی بھی صورت حال ہو) اس ایکسچینج سے جہاں ٹریڈ کی تعمیل ہوئی ہو پے آوٹ موصول ہونے کے بعد، کلائنٹ کو ایک کام کے دن کے اندر کرے گا، تاوقتیکہ کلائنٹ کی جانب سے اس کے برخلاف نہ بتایا گیا ہو اور یہ اسٹاک ایکسچینج سے وقتا فوقتا تجویز کردہ شرائط و ضوابط سے مشروط ہوگا۔

34. اسٹاک بروکر فنڈ اور سیکورٹیز کے لئے ایک مکمل 'اسٹیٹمینٹ آف کاونٹس' ایکسچینج کے ذریعہ وقتا فوقتا مقررہ وقت پر اپنے ہر ایک کلائنٹ کے لئے ارسال کرے گا۔ اس اسٹیٹمینٹ میں بیان کیا ہوگا کہ کلائنٹ غلطیوں کی نشاندہی متعلقہ ایکسچینج کے ذریعہ وقتا فوقتا مقرر کردہ وقت کے اندر ہی کرے، اگر اسٹیٹمینٹ میں کوئی پائی جاتی ہوں۔

35. اسٹاک بروکر کلائنٹ کو روزانہ مارجن اسٹیٹمینٹ بھیجے گا۔ روزانہ مارجن اسٹیٹمینٹ میں، دیگر باتوں کے ساتھ ساتھ، جمع کردہ ضمانت کی تفصیلات۔ استعمال کردہ ضمانت اور ضمانت کی صورت حال (دستیاب بقایا رقم / کلائنٹ پر واجب الاداء) نقد، فکسڈ ڈیپازٹ رسیدیں، بینک گیارنٹی اور سیکورٹی کی تفصیلات کے ساتھ۔

36. کلائنٹ اس امر کو یقینی بنائے گا کہ اس کے پاس اسٹاک بروکر کے ساتھ کاروباری تعلق کے لئے مطلوبہ قانونی استطاعت موجود ہو، اور وہ اس کا مجاز ہو اور اپنی ذمہ داری کی ادائیگی کا اہل ہے۔ کلائنٹ وہ تمام ضروری کاروائیاں مکمل

کرے گا جو ان تمام لین دین پر عمل درآمد سے پہلے کلائنٹ نے مکمل کرنے کا قرار کیا تھا جس کی مطابقت کے لئے ضروری یہ کاروائیاں ہیں۔

**الیکٹرانک کانٹریکٹ نوٹس (ای سیی این)**

37. اگر کلائنٹ کانٹریکٹ نوٹ الیکٹرانک شکل میں موصول کرنے کا اختیار چنتا ہے، تو وہ اسٹاک بروکر کو ایک مناسب ای میل آئی ڈی مہیا کرے گا۔ کلائنٹ اپنی ای میل آئي ڈی میں ہونے والی کسی تبدیلی کی اطلاع ایک حقیقی خط کے ذریعہ اسٹاک بروکر کو ارسال کرے گا۔ اگر کلائنٹ نے انٹرنیٹ ٹریڈنگ کا انتخاب کیا ہو تو ای میل آئی ڈی میں تبدیلی کی درخواست کلائنٹ کی اپنی مخصوص آئی ڈی اور پاسورڈ کا استعمال کرتے ہوئے محفوظ رسائی کے ذریعہ ارسال کی جا سکتی ہے۔

38. اسٹاک بروکر تمام ای میل کے ذریعہ کئے جانے والے ای سی این کے سلسلے میں اس امر کو یقینی بنائے گا کہ ان پر ڈیجیٹل دستخط ہوں، معلومات کوڈ کردہ (اینکرپٹیڈ) ہوں، ان میں کوئی تحریف نہ کی جا سکتی ہو، اور آئی ٹی ضابطہ مجریہ 2000 کی مطابقت میں ہوں۔ اگر ای سی این کسی ای میل کے اٹیچمینٹ کی حیثیت سے بھیجا جائے تو اٹیچ فائل کو بھی ڈیجیٹل دستخط، کوڈ کر کے اور ناقابل تحریف بنا کر محفوظ کردیا جانا چاہئے۔

39. کلائنٹ کو یہ بات دھیان میں رکھنی چاہئے کہ اسٹاک بروکر کے ذریعہ باونس میل نوٹیفیکیشن نہیں موصول ہونے پر یہ مانا جائے گا کہ کلائنٹ کی ای میل آئی ڈی پر اس کی ترسیل ہو گئی ہے۔

40. اسٹاک بروکر ای سی این اور ای میل کی رسید وصولیابی کو ایک سافٹ اور ناقابل تحریر شکل میں، ایکسچینج کے ذریعہ تجویز کردہ آئی ٹی ضابطہ مجریہ 2000 کی مطابقت میں اور جس حد تک سیبی / اسٹاک ایکسچینج کے وقتا فوقتا جاری کردہ قانون/ضوابط/سرکلرس/گائیڈلائن کی مطابقت میں رکھے گا۔ ڈیلیوری کا ثبوت یعنی کانٹریکٹ نوٹ بھیجتے وقت سسٹم کے ذریعہ تیار کردہ لاگ رپورٹ اسٹاک بروکر کے ذریعہ سیبی / اسٹاک ایکسچینج کے قواعد کے مطابق تجویز کردہ مخصوص مدت تک محفوظ رکھی جائے گی۔ لاگ رپورٹ ان کانٹریکٹ نوٹس کی تفصیلات فراہم کرے گا جو کلائنٹ کو ڈیلیور نہیں ہوئیں/ ای میل مسترد ہوا یا باونس کر گیا ہو۔ اسٹاک بروکر اس بات کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کرے گا کہ سیبی/اسٹاک ایکسچینج کے خارجی ضوابط کے تحت مقرر کردہ وقت کے اندر ہمیشہ اس کو باونس میل کے اطلاع نامے موصول ہو جائیں۔

41. جو کلائنٹ الیکٹرانک فارم میں کانٹریکٹ نوٹ موصول کرنے کا اختیار نہیں منتخب کرتے، اسٹاک بروکر انہیں مادی شکل میں کانٹریکٹ نوٹ بھیجنا جاری رکھے گا۔ جب کبھی ای سی این کلائنٹ کو ڈیلیور نہ ہوں یا کلائنٹ کی ای میل آئی ڈی کے ذریعہ مسترد ہو جائیں (میل باونس ہو جانا)، تو اسٹاک برورکر سیبی / اسٹاک ایکسچینج کے قواعد کے تحت ایک مادی کانٹریکٹ نوٹ، کلائنٹ کو مقررہ مدت کے اندر بھیجے گا اور ان مادی کانٹیرکٹ نوٹس کی ڈیلیوری کا ثبوت محفوظ رکھے گا۔

42. کلائنٹ کو ای سی این کی ای میل مواصلات کے علاوہ، اسٹاک بروکر ای سی این کو اپنی ویب سائٹ پر بھی محفوظ طریقہ سے شائع کرے گا، اگر کوئی سائٹ ہو، اور اس مقصد کے لئے کلائنٹ کو متعلقہ رسائی مہیا کرے گا، کلائنٹ کو ایک صارف نام اور پاسورڈ فراہم کرے گا اور کلائنٹ کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ اس کانٹریکٹ نوٹ کو الیکٹرانک شکل میں محفوظ کر سکے اور پرنٹ کر سکے۔

**قانون اور دائرہ اختیار**

43. اس دستاویز میں متعین کردہ مخصوص حقوق کے علاوہ، اسٹاک بروکر، ذیلی بروکر اور کلائنٹ کوئی دوسرے حقوق کے استعمال کے حقدار ہونگے جو اسٹاک بروکر یا کلائنٹ کو اس ایکسچینج کے قوانین، بائے لاز، ضوابط کے تحت حاصل ہو سکتے ہیں جہاں کلائنٹ ٹریڈ کا انتخاب کرتا ہے اور ان سرکلر/نوٹسوں کے تحت جو اس کے تحت جاری کئے گئے ہوں یاسیبی کے قواعد و ضوابط کے تحت۔

44. اس دستاویز کی فراہمی ہمیشہ، سرکاری نوٹیفیکیشنوں، سیبی کے ذریعہ جاری کردہ قوانین، ضابطوں، گائیڈ لائنوں اور سرکلر/نوٹس کے ماتحت ہوگی اور متعلقہ اسٹاک ایکسچینج کے قواعد، ضوابط اور بائے لاز کے ماتحت ہوگی، جہاں ٹریڈ کی تعمیل ہوئی ہو، جو وقتا فوقتا نافذ ہو سکتے ہیں۔

45. ثالثی اور مصالحت، ایکٹ، 1996 کے تحت ثالث کے ذریعہ دیئے گئے فیصلہ کو کلائنٹ اور اسٹاک بروکر دونوں ہی مانیں گے۔ تاہم، اگر ثالث کے فیصلہ سے کوئی بھی فریق مطمئن نہیں ہو، تو اسٹاک ایکسچینج کے اندر ہی اپیل کرنے کی شق بھی موجود ہے۔

46. اس دستاویز میں استعمال کردہ الفاظ اور تاثرات جن کی یہاں پر تشریح نہیں کی گئی ہے، ان کا وہی مطلب ہے جو قواعد، بائے لاز اور ضوابط اور ایکسچینج/سیبی کے ذریعہ جاری کردہ سرکلروں/نوٹسوں میں بیان کیا گیا ہے، تاوقتیکہ اس کا سیاق و سباق اس کے برخلاف ہو۔

47. تمام اضافی رضاکارانہ شقیں/دستاویزات جو اسٹاک بروکر کے ذریعہ شامل کئے گئے ہوں، انہیں ایکسچینج/سیبی کے قواعد/ ضوابط/نوٹسوں/سرکلروں کے برخلاف نہیں ہونا چاہئے۔ ان رضاکارانہ شقوں/دستاویزوں پر عمل درآمد کے لئے 15 دنوں کا نوٹس ضروری ہے۔ ایکسچینج/سیبی کے ذریعہ وضع کردہ حقوق و ذمہ داریوں میں واقع ہونے والی کسی تبدیلی سے کلائنٹ کو بھی واقف کرانا ہوگا۔

48. اگر کسی سیبی کے قواعد و ضوابط، بائے لاز، جہاں ٹریڈ ہورہا ہو اس ایکسچینج کے قواعد و ضوابط میں واقع ہونے والی کسی تبدیلی کی وجہ سے اگر فریقین کے حقوق و ذمہ داریوں میں کوئی تبدیلی واقع ہوتی ہے تو یہ تبدیلی اس دستاویز میں فریقین کے حقوق اور ذمہ داریوں میں شامل تصور کی جائے گی۔

**اسٹاک بروکر کے ذریعہ کلائنٹ کو فراہم کردہہ انٹرنیٹ اور وائرلیس پر مبنی ٹریڈنگ کی سہولت**

**(وہ تمام شقیں جو'*حقوق اور ذمہ داریاں*' دستاویز (دستاویزات) میں مذکور ہیں، سبھی قابل اطلاق ہوں گی۔ علاوہ ازیں، یہاں ذکر کردہ شق بھی قابل اطلاق ہوگی۔)**

1. اسٹاک بروکر انٹرنیٹ پر مبنی ٹریڈنگ (آئی بی ٹی) اور وائرلیس ٹکنالوجی کے استعمال کے ذریعہ سیکورٹیز ٹریڈنگ کرنے کی سہولت فراہم کرنے کا اہل ہے، جس میں موبائل فون، لیپ ٹاپ مع ڈیٹا کارڈ وغیرہ جیسے آلات کا استعمال شامل ہے اور جو انٹرنیٹ پروٹوکول (آئی پی) کا استعمال کرتے ہیں۔ اسٹاک بروکر انٹرنیٹ پر مبنی ٹریڈنگ/وائرلیس ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے سیکورٹیز کی ٹریڈنگ کے لئے سیبی اور متعلقہ ایکسچینج کے ذریعہ مخصوص کردہ تمام قابل اطلاق لوازمات کی مطابقت کرے گا۔

2. کلائنٹ سیکوریٹیز میں سرمایہ کاری/ ٹریڈنگ کرنے کا خواہشمند ہے اور اس غرض سے کلائنٹ یا تو انٹرنیٹ پر مبنی ٹریڈنگ سہولت یا وائرلیس ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے سیکورٹیز ٹریڈنگ کرنا چاہتا ہے۔ اسٹاک بروکر اسٹاک بروکرورں کی آئی بی ٹی سروس کلائنٹ کو فراہم کرے گا، اور اسٹاک بروکر کی آئی بی ٹی سروس سے، سیبی/اسٹاک ایکسچینجوں کی دفعات اور شرائط و ضوابط سے مشروط طور پر مستفید ہوگا جو اسٹاک بروکر کی ویب سائٹ پر بیان کی گئی ہیں، بشرطیکہ وہ سیبی/اسٹاک ایکسچینج کے تجویز کردہ طریقہ کے مطابق ہوں۔

3. اسٹاک بروکر سیکوریٹیز ٹریڈنگ بذریعہ وائرلیس ٹیکنالوجی / انٹرنیٹ / سمارٹ آرڈر راوٹنگ یا کسی اور ٹیکنالوجی سے وابستہ خصوصیات، جوکھم، ذمہ داریاں وغیرہ، کلائنٹ کے علم میں لائے گا یا کسی اور ٹیکنالوجی کو بروکر کو کلائنٹ کے علم میں لانا چاہئے۔

4. اسٹاک بروکر کلائنٹ کو اس بات سے واقف کرائے گا کہ اسٹاک بروکر کا آئی بی ٹی سسٹم بذرات خود اس بات کی ضمانت ہے کہ ابتدائی پاسورڈ اور اس کی پاسورڈ پالیسی، اسٹاک ایکسچینج/سیبی کے ذریعہ تجویز کردہ طریقہ پر وضع کردہ ہیں۔

5. کلائنٹ اپنے یوزر نیم اور پاسورڈ کو خفیہ رکھنے کا ذمہ دار ہوگا اور اسٹاک بروکر کے آئی ٹی سسٹم کے ذریعہ تمام داخل کردہ آرڈر اور لین دین کے لئے تنہا خود ذمہ دار ہوگا جو کلائنٹ کے یوزر نیم اور پاسورڈ کا استعمال کرتے ہوئے کیا گیا ہو، چاہے ایسا کرنے والا فرد ایسا کرنے کامجاز ہو یا نہ ہو۔ مزید، کلائنٹ اس امر سے واقف ہے کہ انٹرنیٹ ٹریڈنگ/وائرلیس ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے سیکوریٹیز ٹریڈنگ بذریعہ آرڈر راوٹنگ سسٹم کے لئے تصدیقی ٹیکنالوجی اور سخت سیکوریٹیز اقدامات کی ضرورت ہوتی ہے اور کلائنٹ کے پاسورڈ اور / یا اس کے مجاز نمائندے کے پاسورڈ کا کسی فریق ثالث پر افشاء نہیں کرے گا، جن میں اسٹاک بروکر کے ملازمین بھی شامل ہیں۔

6. اگر کلائنٹ اپنا پاسورڈ بھول جائے، اسٹاک بروکر کے آئی بی ٹی میں کوئی نقص دریافت کرتاہے، حساب کے فرق/اپنے یوزر نیم/ پاسورڈ/اکاونٹ تک غیر مجاز رسائی دریافت کرتا ہے/ شک ہے تو کلائنٹ کو فورا اس غیر مجاز استعمال کی مکمل تفصیلات، تاریخ، لین دین کا طریقہ، اور اس غیر مجاز رسائی سے ہونے والے متاثرہ لین دین کو بیان کرتے ہوئے تحریری طور پر اسٹاک بروکر کو مطلع کرے گا۔

7. کلائنٹ انٹرنیٹ پر آڈر دیکر کسی سروس کا فائدہ اٹھانے/وائرلیس ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے سیکیوریٹیز کی ٹریڈنگ کرنے سے متعلق جوکھموں سے کما حقہ واقف ہے اور اسے سمجھتا ہے، نیز کلائنٹ اپنے یوزر نیم / پاسورڈ کا کسی بھی طریقہ سے استعمال کرتے ہوئے کئے جانے والے کسی بھی کام کے لئے خود ذمہ دار ہوگا۔

8. اسٹاک بروکر ای میل کے ذریعہ آرڈر/ٹریڈ کی تصدیق کلائنٹ کی درخواست پر ارسال کرے گا۔ کلائنٹ جانتا ہے کہ آرڈر/ٹریڈ کی تصدیق بھی ویب پورٹل پر دستیاب کرائی گئی ہے۔ اگر کلائنٹ وائرلیس ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ٹریڈنگ کرتا ہے تو اسٹاک بروکر کلائنٹ کے ڈیوائس پر آرڈر/ٹریڈ کی تصدیق ارسال کرے گا۔

9. کلائنٹ اس امر سے واقف ہے کہ انٹرنیٹ پر ٹریڈنگ میں کئی غیر یقینی عناصر اور پیچیدہ ہارڈ ویئر، سافٹ ویئر، سسٹمز، مواصلاتی لائنیں، پیری فیرل وغیرہ رکاوٹ اور بند پڑجانے کا شکار ہو سکتے ہیں۔ اسٹاک بروکر اور ایکسچینج کسی قسم کی کوئی ضمانت نہیں دیتے یا ان کی نمائندگی نہیں کرتے کہ اسٹاک بروکر آئی بی ٹی سروس کلائنٹس کو ہمہ وقت بلا رکاوٹ دستیاب رہے گی۔

10. اسٹاک بروکر کے آئی بی ٹی سسٹم یا سروس یا ایکسچینج کی سروس یا سسٹم کی معطلی، رکاوٹ، عدم دستیابی، یا ناقص کارکردگی یا کلائنٹ / اسٹاک بروکر / ایکسچینج کی طرف سے کسی ایسی وجہ سے جو اسٹاک بروکر/ایکسچینج کے کنٹرول سے باہر ہو لنک فیل ہونے کی وجہ سے اس کے آرڈر کی عدم تعمیل کے لئے کلائنٹ ایکسچینج یا اسٹاک بروکر کے خلاف کوئی دعوی نہیں کرے گا۔

## ضمیمہ – 5

## کیپیٹل مارکیٹ اور ڈیریویٹیو سیگمینٹس کے لئے جوکھم کا انکشافی دستاویز

اس دستاویز میں اسٹاک ایکسچینجوں میں شیئر/ ڈیریویٹیوز میں ٹریڈنگ سے متعلق اہم معلومات موجود ہے۔ ایکسچنجوں میں شیئر/ڈیریویٹیوز سیگمینٹ میں ٹریڈنگ کرنے سے قبل تمام ممکنہ حلقوں کو اس دستاویز کو پڑھنا چاہئے۔

اسٹاک ایکسچینج / سیبی اس انکشافی دستاویز کے مکمل ہونے، مناسب ہونے اور صحت کے بارے میں نہ تو تنہا اور نہ ہی مشترکہ طور پر اور نہ ہی ظاہر یا ضمنا کسی قسم کی ضمانت دیتے ہیں اور نہ ہی اسٹاک ایکسچینج / سیبی نے ٹریڈنگ سیگمینٹ میں شرکت کرنے کے لئے کوئی توثیق یا منظوری دی ہے۔ یہ مختصر بیان ٹریڈنگ کے تمام تر جوکھموں اور نمایاں پہلوؤں کا انکشاف نہیں کرتا۔

اس میں شامل جوکھموں کی روشنی میں، آپ کو لین دین صرف اسی صورت میں کرنا چاہئے اگر آپ اس تعلق کی نوعیت کو سمجھتے ہیں جس میں آپ داخل ہورہے ہیں اور آپ کو یہ معلوم ہے کہ کس حد تک آپ جوکھم کی زد میں آسکتے ہیں۔

آپ کو یہ بات جاننا چاہئے اور اسے سمجھنا چاہئے کہ اسٹاک ایکسچینج میں ٹریڈ کئے جانے والے اکویٹی شیئر، ڈیریویٹیوز کانٹریکٹس یا دیگر انسٹرومینٹس، جن میں جوکھم کی مختلف عناصر ہوتے ہیں، عموما کسی ایسے فرد کے لئے مناسب نہیں ہے جس کے پاس محدود وسائل/محدود سرمایہ اور / یا ٹریڈنگ کا محدود تجربہ اور جوکھم برداشت کرنے کے قوت کم ہو۔ اس لئے آپ کو احتیاط سے اس بات پر غور کرنا چاہئے کہ آیا آپ کی مالی صورت حال کی روشنی میں ایسی ٹریڈنگ آپ کے لئے مناسب ہے۔ اگر آپ اسٹاک ایکسچینج میں ٹریڈنگ کرتے ہیں اور منفی نتائج برآمد ہوتے ہیں یا نقصان ہوتا ہے تو اس کے لے تنہا آپ ہی ذمہ دار ہوں گے اور اسٹاک ایکسچینج/اس کے کلیئرنگ کارپوریشن اور / یا سیبی، کسی بھی طرح اس کے لئے ذمہ دار نہیں ہوں گے، اور آپ یہ درخواست نہیں کر سکیں گے کہ جوکھموں کے بارے میں مناسب انکشاف نہیں کئے گئے تھے یا یہ کہ آپ کو متعلقہ اسٹاک بروکر کی جانب سے مکمل جوکھموں کی وضاحت نہیں کی گئی تھی۔ اس میں شامل افراد نتائج کے خود ذمہ دار ہوں گے اور اس بابت میں کوئی اکاونٹ منسوخ نہیں کیا جا سکے گا۔ آپ کو یہ بات تسلیم کرنی چاہئے اور قبول کرنا چاہئے کہ اسٹاک ایکسچینج پر ٹریڈ کئے جانے والے ڈیریویٹیو کانٹریکٹ کی خریداری اور / یا فروخت کرتے ہوئے، منافع کی کوئی ضمانت یا نقصان سے کوئی استثناء نہیں ہو سکتا ہے۔

آپ کو یہ صاف طور پر سمجھ لینا چاہئے کہ کسی اسٹاک بروکر کے ذریعہ اسٹاک ایکسچینج پر کئے جانے والے لین دین اسٹاک بروکر کے ذریعہ مقرر کی گئی بعض کاروائیوں کو مکمل کئے جانے سے مشروط ہے، جس میں دیگر باتوں کے ساتھ ساتھ آپ کے ذریعہ اپنے کلائنٹ کو جانیں فارم کی تکمیل، حقوق و ذمہ داریوں، کئے جانے والے اور نہ کئے جانے والے کام، وغیرہ کو پڑھنا شامل ہے، اور متعلقہ اسٹاک ایکسچینجوں، اس کے کلیئرنگ کارپوریشنوں کے ضوابط اور ذیلی قوانین، سیبی کے ذریعہ مقرر کردہ اور وقتا فوقتا نافذ کردہ رہنما خطوط اور سرکولرو سے مشروط ہیں جو اسٹاک ایکسچینج یا اس کے کلیئرنگ کارپوریشن کی جانب سے وقتا فوقتا نافذ کئے جائیں گے۔

اسٹاک ایکسچینج کسی فرد کو جو اسٹاک ایکسچینج کے کسی اسٹاک بروکر کے ساتھ کاروباری تعلقات استوار کرتا ہے، نہ تو کوئی مشورہ فراہم کرتا ہے اور نہ ہی ایسا کرنے کا دعوی کرتا ہے اور نہ ہی کسی ایسے فرد کے لئے ذمہ دار ہوگا اور / یا اس دستاویز میں موجود معلومات کے لئے کسی فریق ثالث کے لئے ذمہ دار ہوگا۔ اس دستاویز میں موجود کسی بھی معلومات کو کاروباری مشورہ نہ سمجھا جائے۔ ٹریڈ کرنے سے وابستہ جوکھموں کو اچھی طرح سے سمجھنے اور اس پر نظر ثانی کئے بغیر ایسی ٹریڈنگ پر غور نہیں کرنا چاہئے۔ اگر آپ پریقین نہ ہوں تو آپ کو اس پر پیشہ وارانہ مشورہ طلب کرنا چاہئے۔

ٹریڈ کرنے یا کسی اور کو آپ کی جانب سے ٹریڈ کرنے کے لئے اختیار دینے سے قبل آپ کو درج ذیل سے واقف ہونا چاہئے یا خود کو واقف کرانا چاہئے:-

### 1. بنیادی جوکھم:

#### 1.1 سخت اتار چڑھاؤ کا جوکھم:

اتار چڑھاؤ کا مطلب سیکیوریٹیز/ڈیریویٹیز کانٹریکٹ کی قیمتوں میں واقع ہونے والی ان تبدیلیوں سے ہے جو اسٹاک ایکسچینج پر ٹریڈنگ سرگرمیوں کے دوران واقع ہوتی ہیں۔ عموما، جتنا زیادہ کسی سیکورٹی / ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ کا اتار چڑھاؤ ہوگا، اتنا زیادہ ان کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ واقع ہوگا۔ عام طور پر کم ٹریڈ کی جانے والی سییکورٹیز / ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ کا اتار چڑھاؤ سرگرم سیکورٹیز/ ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ کے مقابلے میں زیادہ ہوتا ہے۔ اتار چڑھاؤ کے نتیجے میں، ہو سکتا ہے کہ آپ کے آرڈر کی جزوی تعمیل ہو یا بالکل بھی تعمیل نہ ہو، یا جس قیمت پر آپ کے آرڈر کی تعمیل ہونی ہو گذشتہ ٹریڈ کردہ قیمت سے نمایاں طور پر مختلف ہو، یا اس کے بعد نمایاں تبدیلی واقع ہو، جس کے نتیجے میں تصوراتی یا حقیقی نقصان واقع ہو سکتا ہے۔

#### 1.2 کم لکویڈیٹی کا جوکھم:

لکویڈیٹی مارکیٹ کے شرکاء کی اس اہلیت کو کہا جاتا ہے جس کے ذریعہ وہ تیزی سے سیکیوریٹیز / ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ مسابقتی قیمت پر یا معمولی قیمت کے فرق پر خرید اور / فروخت کر سکتے ہیں۔ عموما، یہ مانا جاتا ہے کہ جس مارکیٹ میں جتنے زیادہ آرڈروں کی تعداد دستیاب ہو

وہ مارکیٹ اتنا زیادہ لکویڈ ہوتا ہے۔ لکویڈیٹی اہم ہے کیونکہ لکویڈیٹی کے سبب ہی سرمایہ کاروں کے لئے یہ آسان ہو جاتا ہے کہ وہ آسانی سے اور تیزی سے معمولی قیمت کے فرق پر سیکورٹیز / ڈیریویٹیوز کانٹریکٹس کی خرید و فروخت کر سکیں، اور اس کے نتیجہ میں، سرمایہ کاروں کو خریدی گئی یا فروخت شدہ سیکورٹیز / ڈیویویٹیوز کے لئے ایک مسابقتی قیمت ادا کرنے یا وصول کرنے کا امکان ہوتا ہے۔ بعض سیکورٹیز / ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ میں سرگرم سیکورٹیز/ ڈیویویٹیوز کانٹریکٹ کے مقابلہ کم لکویڈیٹی کا جوکھم ہوتا ہے۔ نتیجتا، آپ کے آرڈر کی جزوی تعمیل ہو سکتی ہے، یا قیمتوں کے کافی نمایاں فرق کے ساتھ تعمیل ہو سکتی ہے یا ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کے آرڈر کی تعمیل ہی نہ ہو۔

**1.2.1** ڈے ٹریڈنگ حکمت عملی کے بطور سیکورٹیز / ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ کی خریدنے یا فروخت کرنے کے نتیجے میں بھی نقصانات ہو سکتے ہیں، کیونکہ ایسی صورت حال میں، سیکیورٹیز / ڈیریویٹیوز کانٹریکٹس کو متوقع قیمت کی سطح کے مقابلے کم / زیادہ قیمت پر خریدنا / بیچنا پڑ سکتا ہے، تا کہ کوئی اوپن پوزیشن برقرار نہ رہے یا سیکورٹی / ڈیریویٹیو کانٹریکٹ کی وصولیابی یا ڈیلیوری کی کوئی ذمہ داری نہ رہے۔

**1.3 قیمتوں کے وسیع فرق (اسپریڈس):**
قیمتوں کے فرق (اسپریڈس) کا مطلب بہترین قیمت خرید اور بہترین قیمت فروخت کے درمیان کا فرق ہوتا ہے۔ یہ سیکورٹی / ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ کی قیمت خرید اور اسے فورا فروخت کرنے والی قیمت فروخت یا اس کے برعکس فرق کی عکاسی کرتا ہے۔ کم لکویڈ یا غیر لکویڈ سیکیورٹیز/ ڈیریویٹیوز کے لئے کم تر لکویڈیٹی اور سخت اتار چڑھاؤ کے نتیجے میں عام قیمتوں کے فرق کے مقابلے زیادہ وسیع فرق واقع ہو سکتا ہے۔ اس کے نتیجے میں بہتر قیمت کی تشکیل میں رکاوٹ آئے گی۔

**1.4 جوکھم کم کرنے والے آرڈرز:**
آرڈر پلیس کرنا (مثلا "اسٹاپ لاس" آرڈرز، یا "لمٹ" آرڈرز) جن کا مقصد نقصان کو کسی حد تک محدود کرنا ہوتا ہے۔ کئی بار اتنے مؤثر نہیں ہو سکتے کیونکہ مارکیٹ کی صورت حال میں ہونے والی تیز تر تبدیلیاں ایسے آرڈرز کی تعمیل کو ناممکن بنا سکتی ہیں۔

**1.4.1** "مارکیٹ" آرڈر کی تعمیل فوری طور پر ہوگی، بشرطیکہ مخالف جانب آرڈر دستیاب ہو، اور قیمت سے قطع نظر، جبکہ گاہک کو ایک فوری "مارکیٹ" آرڈر کی تعمیل موصول ہو سکتی ہے، تاہم ہی تعمیل بقایا آرڈرز کی دستیاب قیمت پر ہو سکتی ہے، جو قیمت وقت ترجیح کی بنیاد پر آرڈر کی تعداد پوری کر سکتی ہو۔ یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ ان قیمتوں میں آخری ٹریڈیڈ قیمت یا سیکیورٹیز / ڈیریویٹیوز کی بہترین قیمتوں کے مقابلے نمایاں فرق ہو سکتا ہے۔

**1.4.2** ایک "لمٹ" آرڈر کی تعمیل صرف مخصوص "لمٹ" قیمت یا ایک بہتر قیمت پر ہی ہو سکے گی۔ تاہم، جبکہ گاہک کو قیمت کا تحفظ موصول ہوتا ہے، وہیں یہ امکان بھی ہوتا ہے کہ آرڈر کی بالکل بھی تعمیل نہ ہو سکے۔

**1.4.3** ایک اسٹاپ لاس آرڈر عموما اسٹاک / ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ کی موجودہ قیمت سے کہیں "دور" کی قیمت پر دیا جاتا ہے، اور ایسے آرڈرز کی تعمیل اسی صورت میں ہوتی ہے جب سیکیورٹی / ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ اس نقصان سے بچنے کی قیمت تک پہنچ جائے۔ فروخت کی اسٹاپ آرڈرز عموما موجودہ قیمت سے کم قیمت پر دیئے جاتے ہیں، اور خریداری کے اسٹاپ آرڈرز موجودہ قیمت سے زیادہ قیمت پر دیئے جاتے ہیں۔ جب سیکیوریٹی / ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ پہلے سے طے کردہ قیمت تک پہنچتے ہیں، یا اس قیمت سے ہو کر گزررہے ہوتے ہیں تو اسٹاپ لاس آرڈر مارکیٹ/لمٹ آرڈرز میں تبدیل ہو جاتے ہیں اور لمٹ قیمت پر یا اس سے بہتر قیمت پر ان کی تعمیل ہوجاتی ہے۔ اس کے لئے اس کی کوئی ضمانت نہیں ہے کہ لمٹ آرڈر کی تعمیل ہو جائے گی کیونکہ ہو سکتا ہے کہ سیکورٹی / ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ پہلے سے مقررہ قیمت میں داخل ہو، اس صورت میں، ایسے آرڈر کی تعمیل نہ ہونے کی جوکھم ہوتا ہے، جیسا کہ عام لمٹ آرڈر میں ہوتا ہے۔

**1.5 خبروں کے اعلانات کا جوکھم:**
ان خبروں کے اعلانات جو اسٹاک / ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ کی قیمتوں پر اثر انداز ہو سکتے ہیں، ٹریڈنگ کے دوران رونماں ہو سکتے ہیں، اور کم لکویڈیٹی اور سخت اتار چڑھاؤ کے اشتراک اچانک سیکورٹی کے داموں میں غیر متوقع مثبت یا منفی حرکت کا سبب بن سکتے ہیں۔

**1.6 افواہوں کا جوکھم:**
کمپنیوں/ کرنسیوں کے بارے میں افواہیں کبھی کبھار مارکیٹ میں زبانی، اخبارات، ویب سائٹس یا خبر رساں ایجنسیوں کے ذریعہ پھیلتی ہیں۔ سرمایہ کاروں کو ان سے ہوشیار رہنا چاہئے اور افواہوں پر عمل کرنے سے باز رہنا چاہئے۔

**1.7 سسٹم کا جوکھم:**
مارکیٹ کے کھلنے کے وقت اور اس کے بند ہونے سے پہلے بارہا بھاری مقدار میں ٹریڈنگ ہوتی ہے۔ بھاری مقدار میں یہ ٹریڈنگ دن میں کسی بھی وقت ہو سکتی ہے۔ اس کی وجہ سے آرڈر کی تکمیل میں تاخیر ہو سکتی ہے۔

**1.7.1** اتار چڑھاؤ کی مدت کے دوران، چونکہ مارکیٹ کے شرکاء اپنے آرڈرز کی تعداد یا قیمت میں مسلسل ترمیم کرتے رہتے ہیں یا نئے آرڈرز دیتے رہتے ہیں، اس لئے آرڈرز کی تعمیل اور اس کی تصدیق میں تاخیر ہو سکتی ہے۔

**1.7.2** مارکیٹ کی بعض صورت حال کے تحت، کسی پوزیشن کو مناسب قیمت پر یا ویسے بھی لکویڈیٹ کرنا مشکل یا ناممکن ہوسکتا ہے جب اس کے لئے خرید و فروخت کا کوئی آرڈر باقی نہ رہا ہو، یا اگر کسی سیکورٹی / ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ میں غیر معمولی ٹریڈنگ سرگرمی کی وجہ سے ہونے والی کسی کاروائی کے سبب ٹریڈنگ روکی گئي ہو، یا سیکورٹی / ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ نے سرکٹ فلٹرز پر ہٹ کیا ہو یا کسی اور وجہ سے ٹریڈنگ روک دی گئی ہو۔

**1.8 سسٹم / نیٹ ورک پر بھیڑ:**

ایکسچینج پر ٹریڈنگ الیکٹرونک موڈ میں ہوتی ہے، جو آرڈرز دیئے جانے اور اسے آگے بڑھانے کے لئے سیٹیلائٹ / لیز لائن پر مبنی مواصلات، ٹیکنالوجی اور کمپیوٹر سسٹم پر منحصر ہوتی ہے۔ اس طرح، مواصلاتی نظام کی ناکامی کا امکان موجود ہوتا ہے یا سسٹم کے مسائل یا سست رفتار یا سسٹم کا تاخیری ردعمل یا ٹریڈنگ کا رک جانا، یا اسی قسم کے دیگر مسائل/ خامیوں کا امکان رہتا ہے جن کی وجہ سے سسٹم نیٹ ورک تک رسائی نہ ہوسکے اور جس پر قابو نہ کیا جا سکتا ہو اور جس کی وجہ سے خرید وفروخت کے آرڈر کی پراسیسنگ میں تاخیر ہو سکتی ہے یا جزوی یا کلی طور پر نہ پراسیس کیا جا سکتا ہے۔ آپ کو انتباہ کیا جاتا ہے کہ حالانکہ ان مسائل کی نوعیت عارضی ہو سکتی ہے، تاہم ان کی وجہ سے ایک جوکھم رہتا ہےکیونکہ یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ تمام تعمیل کردہ لین دین کا نپٹارہ کریں۔

**2۔ جہاں تک ڈیریویٹیوز سیکشن کا تعلق ہے، برائے مہربانی درج ذیل اضافی خصوصیات کو نوٹ کریں اور خود کو ان سے واقف کرائیں:-**

**2.1 "لیوریج" یا "گیئرنگ" کے اثرات:**

ڈیریویٹیوز مارکیٹ میں، مارجن کی مقدار ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ کی قیمت کے مقابلے کم ہوتی ہے، اس لئے لین دین کو "لیوریجڈ" یا "گیئرڈ" کیا جاتا ہے۔ ڈیریویٹیوز ٹریڈنگ، جو نسبتا ایک چھوٹی تعداد کی مارجن سے کیا جاتا ہے، مارجن کی رقم کے مقابلے ممکنہ بڑے منافع یا نقصان کے امکانات رکھتی ہے لیکن ڈیریویٹیوز کے لین دین میں اعلی درجہ کا جوکھم ہوتا ہے۔

اس لئے آپ کو ڈیریویٹیوز میں ٹریڈنگ کرنے سے قبل مکمل طور پر درج ذیل بیان کو سمجھنا چاہئے اور اپنی صورت حال، مالی وسائل وغیرہ کو دھیان میں رکھتے ہوئے، انتہائی احتیاط کے ساتھ ٹریڈ کرنا چاہئے۔ اگر قیمتیں آپ کے خلاف جارہی ہوں، تو ہو سکتا ہے کہ نہایت مختصر مدت میں آپ اپنی مارجن رقم کا کوئی جزء یا پوری مارجن رقم گنوا بیٹھیں۔ علاوہ ازیں، نقصان اصل مارجن رقم سے تجاوز بھی کر سکتا ہے۔

A۔ فیوچرس ٹریڈنگ میں تمام پوزیشنوں کا نپٹارہ روزمرہ کی بنیاد پر کرنا ہوتا ہے۔ ہر روز کھلی پوزیشن مارکیٹ کو انڈیکس/ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ کی سطح کی بنا پر مارک کی جاتی ہے۔ اگر کانٹریکٹ آپ کے خلاف جار رہا ہو تو اس کی حرکت کے نتیجے میں ہونے والے آپ کو نقصان (غیر حقیقی) کی رقم ڈپازٹ کرنا ضروری ہوگا۔ یہ رقم ایک مقررہ وقت کی مدت کے اندر جمع کرنی ہوگی، جو عموما آئندہ دن کی ٹریڈنگ کے آغاز سے قبل ہوتی ہے۔

B اگر آپ اضافی رقم مقررہ مدت کے دوران جمع کرنے میں ناکام رہتے ہیں یا اگر آپ کے کھاتے میں کوئی بقایا جات واقع ہوتے ہیں تو اسٹاک بروکر پوزیشن کا ایک جزء یا تمام پوزیشن لکویڈیٹ کر سکتا ہے یا سیکیوریٹیز کو ان کے بدل کے طور پر پیش کر سکتا ہے۔ اس صورت میں، اس طرح کا معاملہ کئے جانے پر ہونے والے نقصان کے لئے آپ خود ذمہ دار ہوں گے۔

C۔ مارکیٹ کی بعض صورت حال کے تحت، ایک سرمایہ کار کے لئے لین دین کی تعمیل کرنا مشکل یا ناممکن ہو سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، یہ صورت حال لکویڈیٹی جیسے عناصر کے سبب وجود میں آتی ہے، یعنی جب ناکافی بڈز یا پیشکشیں ہوں یا قیمتوں کی لمٹ یا سرکٹ بریکرز کی وجہ سے ٹریڈنگ معطل ہو۔

D۔ مارکیٹ کے استحکام کو برقرار رکھنے کے لئے، درج ذیل اقدامات کئے جاسکتے ہیں: مارجن کی شرح میں تبدیلی، نقد مارجن کی شرح یا دیگر میں اضافہ۔ ان نئے اقدامات کا اطلاق موجودہ کھلے مفاد پر بھی ہوتا ہے۔ ایسی صورت حال میں، آپ کو اضافی مارجن رکھنی یا اپنی پوزیشن کو گھٹانا ہوگا۔

E۔ آپ کو چاہئے کہ اپنے بروکر سے کہیں کہ آپ جن ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ میں ٹریڈ کرنے کا منصوبہ رکھتے ہیں ان کے بارے میں مکمل تفصیل فراہم کرے یعنی کانٹریکٹ کی وضاحتیں اور اس سے وابستہ ذمہ داریاں۔

**2.2 کرنسی کے مخصوص جوکھم:**

1۔ غیر ملکی کرنسی-مالیت والے کانٹریکٹس کے لین دین میں نفع یا نقصان، چاہے وہ آپ کے اپنے یا کسی دیگر دائرہ کار میں واقع ہوا ہو، کرنسی کی شرح میں ہونے والے اتار چڑھاؤ سے متاثر ہوگا جہاں کرنسی سے کسی دوسری کرنسی میں تبادلہ کی ضرورت ہو۔

2. مارکیٹ کی بعض صورتحال کے تحت، آپ کو کسی پوزیشن کو لکویڈیٹ کرنا مشکل یا ناممکن ہو سکتا ہے۔ ایسا ہو سکتا ہے، مثال کے طور پر جب ایک کرنسی غیر قابو ہو جائے یا مقررہ ٹریڈنگ بینڈز وسیع ہو جاتے ہیں۔

3. کرنسی کی قیمتوں میں بہت زیادہ اتار چڑھاؤ واقع ہوتے ہیں۔ کرنسی کی قیمتوں کی نقل و حرکت دیگر باتوں کے علاوہ ان چیزوں سے متاثر ہوتی ہے: سپلائی اور طلب کے رشتہ میں تبدیلی؛ ٹریڈ، مالیاتی، مالی، ایکسچینج کنٹرول پروگرام اور حکومت کی پالیسیاں؛ غیر ملکی سیاسی اور اقصادی واقعات اور پالیسیاں؛ قومی اور بین الاقوامی شرح سود میں تبدیلیاں اور افراط زر؛ کرنسی کی قیمتوں میں کمی؛ اور مارکیٹ کے رجحانات۔ ان میں سے کسی بھی عنصر کو انفرادی مشیر کے ذریعہ کنٹرول نہیں کیا جا سکتا اور اس کی کوئی یقین دہانی نہیں کی جا سکتی کہ مشیر کے مشورہ کے نتیجہ میں شرکت کنندہ گاہک کے لئے منافع بخش ٹریڈ ہوگا یا گاہک کو ایسے ٹریڈ سے کوئی نقصان نہیں ہوگا۔

**2.3 آپشن ہولڈرس کا جوکھم:**

1. ایک آپشن ہولڈر، نسبتا مختصر مدت میں اس آپشن کے لئے ادا کردہ تمام رقم گنوا سکتا ہے۔ یہ جوکھم ایک آپشن کی نوعیت کی عکاسی کرتا ہے جو اس کی انتہائی مدت کے بعد بے کار ہو جاتا ہے۔ ایک آپشن ہولڈر جو نہ تو اپنے آپشن کو سیکنڈری مارکیٹ میں فروخت کرتا ہے اور نہ ہی اس کی اختتامی مدت سے قبل اسے استعمال کرتا ہے، لازمی طور پر اس آپشن میں لگائی اپنی پوری پونجی گنوا بیٹھے گا۔ اگر زیریں قیمت متوقع سمت میں، آپشن کی اختتامی مدت سے قبل اس حد تک تبدیل نہیں ہوتی جو اس آپشن کی لاگت کا احاطہ کرنے کے لئے کافی ہو، تو سرمایہ کار اپنی سرمایہ کاری کردہ پونجی کا کوئی جزء یا پوری پونجی گنوا سکتاہے۔

2. ایکسچینج آپشنز کے استعمال کئے جانے پر پابندی لگا سکتا ہے اور انہیں مخصوص صورت حال میں ایسا کرنے کا اختیار مطلق حاصل ہے۔

**2.4 آپشن رائٹرز کے جوکھم:**

1. اگر انڈر لائنگ کی نقل و حرکت متوقع سمت میں نہیں ہو تو آپشن رائٹر کو بھاری مقدار میں نقصان ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔
2. ایک آپشن رائٹر ہونے کا جوکھم اسی انڈر لائنگ سود پر دیگر آپشن کی خریداری سے کم ہو سکتا ہے اور اس طرح ایک اسپریڈ پوزیشن حاصل کرلیتے ہیں یا دیگر قسم کی حفاظتی پوزیشن آپشن مارکیٹ یا دوسرے کسی مارکیٹ میں حاصل کرلیتے ہیں۔ تاہم، جہاں رائٹر ایک اسپریڈ یا دیگر حفاظتی پوزیشن حاصل کرلیتاہے، لیکن جوکھم اب بھی نمایاں ہوتا ہے۔ ایک اسپریڈ کی پوزیشن لازمی طور پر ایک طویل یا مختصر پوزیشن سے کم جوکھم بھری نہیں ہوتی۔
3. لین دین جن میں کثیر آپشنز کے اشتراک کی خریداری اور رائٹنگ شامل ہوتی ہے، یا خریداری یا رائٹنگ آپشنز مع خریداری یا مختصر انڈر لائنگ فروخت کے اشتراک کے ساتھ ہوتی ہے، سرمایہ کار کے لئے اضافی جوکھم آمیز ہوتی ہے۔ مشترکہ لین دین، جیسے کہ آپشن اسپریڈ، ایک سنگل آپشن کو خریدنے یا اس کی رائٹنگ سے زیادہ پیچیدہ ہوتا ہے۔ اور مزید یہ بھی نوٹ کرنا چاہئے کہ، سرمایہ کاری کے دیگر شعبوں کی طرح ہی کسی پیچیدگی کو اچھی طرح نہ سمجھنا بذات خود ایک جوکھم کا عنصر ہے۔ جبکہ ہم یہ مشورہ نہیں دے رہے ہیں کہ مشترکہ حکمت عملی پر غور نہیں کیا جانا چاہئے، یہ مناسب ہوگا کہ، جیسا کہ دیگر تمام آپشن سرمایہ کاری کے معاملے میں ہوتا ہے، یہ ضروری ہے کہ کسی ایسے شخص سے مشورہ کیا جائے جو مشترک لین دین کے معاملے میں، مختلف مارکیٹ کی صورتحال کے پیش نظر تجربہ کار اور جانکار ہو۔

**3. وائرلیس ٹیکنالوجی/اسمارٹ آرڈ راؤٹنگ یا کسی دیگر ٹیکنالوجی کے ذریعہ ٹریڈنگ:**

کوئی اضافی دفع جو سیکیورٹیز ٹریڈنگ بذریعہ وائرلیس ٹیکنالوجی / اسمارٹ آرڈر راؤٹنگ یا کسی اور ٹیکنالوجی سے وابستہ خصوصیات، جوکھم، ذمہ داریوں وغیرہ کی تعریف بیان کرتی ہو، بروکر کو اسے کلائنٹ کے علم میں لانا چاہئے۔

**4. عمومی**

**4.1** اصطلاح 'مشمولات' کا مطلب ایک کلائنٹ، گاہک یا ایک سرمایہ کار کو شامل کرنا جو ایک اسٹاک بروکر سے سیکیوریٹیز / ڈیریویٹیوز کانٹریکٹ کی خریداری یا فروخت کی غرض سے ایکسچینج کے ذریعہ فراہم کردہ میکانزم کے ذریعہ معاملہ کرتا ہے۔

**4.2** اصطلاح 'اسٹاک بروکر' میں ایک دلال، اسٹاک بروکر، شامل ہے جسے ایکسچینج نے اسی حیثیت سے داخل کیا ہو اور جس کے پاس سیبی کا رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ ہو۔

## ضمیمہ – 6

### رہنمائی نوٹ – سرمایہ کاروں کے لئے ایکسچینج (ایکسچینجوں) پر ٹریڈنگ کرنے کے لئے کرنے اور نہ کرنے کی باتیں

**اس سے قبل کہ آپ ٹریڈ کرنا شروع کریں**

1. یقینی بنائیں کہ آپ صرف سیبی میں رجسٹرڈ بچولیوں کے ذریعہ ہی معاملات کرتے ہیں۔ آپ ان کے سیبی رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ نمبر کی جانچ کر سکتے ہیں جو اسٹاک ایکسچینجوں کی ویب سائٹ www.exchange.com اور سیبی کی ویب سائٹ www.sebi.gov.in پر دستیاب ہیں۔
2. یقینی بنائیں کہ آپ KYC فارم مکمل طور پر بھرتے ہیں اور خالی زمروں کو کاٹ دیتے ہیں۔
3. یقینی بنائیں کہ آپ نے تمام لازمی دستاویزات مثلا حقوق اور ذمہ داریوں، جوکھم کے انکشاف کا دستاویز، اسٹاک بروکر کا پالیسی اور طریقہ کار کا دستاویز پڑھ لیا ہے۔
4. آپ اور اسٹاک بروکر کے مابین اتفاق کردہ کسی بھی رضاکارانہ شق کو، اگر کوئی ہو، تو پڑھنے، سمجھنے اور اس پر دستخط کرنے کو یقینی بنائیں۔ نوٹ کریں کہ آپ اور اسٹاک بروکر کے درمیان اتفاق کردہ شقوں کو آپ کی مرضی کے بغیر تبدیل نہ کیا جا سکے۔
5. ٹریڈنگ کے لئے آپ پر بروکر کی جانب سے عائد کردہ تمام دلالی (بروکریج)، کمیشن، فیس اور دیگر چارجز کے تصور اور سیبی / اسٹاک ایکسچینجوں کی شرائط / رہنما خطوط کو واضح طور پر سمجھ لیں۔
6. اسٹاک بروکر سے ان تمام دستاویزات کی نقول بلا قیمت حاصل کریں جن پر آپ نے دستخط کئے ہیں۔
7. اگر آپ اپنے بینک کھاتے اور ڈی میٹ کھاتہ کو چلانے کے لئے مختار نامہ (پاور آف اٹارنی) اسٹاک بروکر کے حق میں تفویض کرنا چاہتے ہیں، تو برائے مہربانی سیبی / ایکسچینجوں کے ذریعہ اس بابت جاری کردہ رہنما خطوط سے رجوع کریں۔

**لین دین اور تصفیئے**

8. اگر آپ کے ذریعہ بطور خاص تحریری طور پر مجاز کردہ ہو، تو اسٹاک بروکر الیکٹرونک کنٹریکٹ نوٹس (ای سی این) جاری کر سکتا ہے۔ اس لئے آپ کو اسٹاک بروکر کو اپنا ای میل آئی ڈی فراہم کرنا ہوگا۔ اگر آپ کمپیوٹر سے واقف نہیں ہیں تو ای سی این کا اختیار نہیں منتخب کریں۔
9. اپنے انٹرنیٹ ٹریڈنگ اکاونٹ کے پاسورڈ کا کسی سے بھی اشتراک نہ کریں۔
10. اسٹاک بروکر کو کوئي بھی ادائیگی نقد نہ کریں۔
11. اسٹاک بروکر کے حق میں اکاونٹ میں واجب الادا چیک کے ذریعہ ادائیگی کریں۔ ذیلی بروکر کے نام کا چیک جاری نہ کریں۔ یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس اپنی اسٹاک بروکر کو کی جانے والی ادائیگی/سیکیورٹیز کے ڈیپازٹ کے ثبوت ہو، جن پر تاریخ، اسکرپ، تعداد، کس بینک / ڈی میٹ اکاونٹ سے کس بینک / ڈی میٹ اکاونٹ میں یہ رقم یا سیکیوریٹیز ڈیپازٹ کی گئی ہیں ان کی تفصیل درج ہو۔
12. نوٹ کریں کہ اسٹاک ایکسچینج کی ویب سائٹ پر ٹریڈ ویریفیکیشن کی سہولت دستیاب ہے، جہاں سے کانٹریکٹ نوٹ میں بیان کردہ تفصیلات کی تصدیق کی جا سکتی ہو۔ اگر ویب سائٹ پر موجود ٹریڈ کی تفصیلات کانٹریکٹ نوٹ میں بیان کردہ تفصیلات سے میل نہ کھاتی ہوں تو فورا متعلقہ اسٹاک ایکسچینج کے سرمایہ کار شکایت سیل سے رابطہ کریں۔
13. آپ کے ذریعہ جاری اکاونٹ کی دیکھ بھال، فنڈز کی ادائیگی یا سیکیوریٹیز کی ڈیلیوری (جو بھی صورتحال ہو) کے لئے مخصوص مجاز نامہ دیئے جانے کی صورت میں ایکسچینج سے پے آوٹ موصول ہونے کی تاریخ سے ایک دن کے اندر آپ کو نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح، بروکر آپ کے لئے جاری اکاونٹ کی دیکھ بھال مندرجہ ذیل شرائط پر کرے گا:
   a) آپ کی جانب سے ایسا مجاز نامہ جس پر تاریخ درج ہو اور آپ ہی کے ذریعہ دستخط کردہ ہو اور اس میں ایسی شقیں موجود ہوں جنہیں آپ کسی بھی وقت کالعدم کر سکتے ہوں۔
   b) فنڈز اور سیکیوریٹیز کا حقیقی تصفیہ اسٹاک بروکر کے ذریعہ، ایک کیلنڈر سہ ماہی یا ماہ میں، آپ کی ترجیح کے مطابق کم از کم ایک بار کیا جائے گا۔ اکاونٹ کا تصفیہ کرتے وقت، اسٹاک بروکر آپ کو 'اسٹیٹمینٹ آف اکاونٹ' ارسال کرے گا جس میں کلائنٹ رجسٹر برائے فنڈز کا ایک اقتباس اور سیکیورٹیز رجسٹر کا ایک اقتباس موجود ہوگا جس میں فنڈز اور سیکورٹیز کی تمام وصولیابیاں / ترسیلات دکھائی گئی ہوں گی۔ اس اسٹیٹمینٹ میں فنڈز اور سیکیوریٹیز

کو برقرار رکھنے کی وضاحت اور رہن رکھے ہوئے شیئرکی تفصیلات ہوں گی، اگر کوئي ہو۔

c) تصفیہ کی تاریخ پر، اسٹاک بروکر مطلوبہ سیکیوریٹیز/فنڈز کو واجبات کے تئیں روک سکتا ہے اور مزید ایکسچینج کے ذریعہ مخصوص کردہ حساب کے مطابق آئندہ 5 دنوں کے اندر متوقع ڈیریویٹیز کے تمام پے-ان واجبات کلائنٹس کے فنڈز اور سیکیوریٹیز، تصفیہ کی تاریخ تک اور اس کے بعد کے کاروبار کے دن تک روک سکتا ہے، وہ فنڈو/سیکیوریٹیز/مارجن کو لین دین کردہ مالیت کی حد تک کیش مارکیٹ میں ایسے تصفیہ تک روک سکتا ہے۔

d) آپ کو چاہئے کہ اکاونٹ کے اسٹیٹمینٹ یا تصفیہ سے اٹھنے والے کسی تنازعہ کو فنڈز/سیکیوریٹیز یا اسٹیٹمینٹ کی وصولیابی کی تاریخ سے 7 دنوں کے اندر اسٹاک بروکر کے علم میں تحریری طور پر لائیں۔ تنازعہ کی صورت میں، متعلقہ اسٹاک ایکسچینج کے سرمایہ کار شکایت سیل سے بلاتاخیر تحریری طور پر رجوع کریں۔

14. اگر آپ نے جاری اکاونٹ کی دیکھ بھال کا اختیار نہیں چنا ہے اور فنڈز/سیکیوریٹیز ایکسچینج سے پے آوٹ کی وصولیابی کے اگلے دن موصول نہ ہوں تو اس معاملہ میں اسٹاک بروکر سے رجوع کریں۔ اگر کوئی تنازعہ ہو تو متعلقہ اسٹاک ایکسچینج کے سرمایہ کار شکایت سیل سے فورا رجوع کرنا یقینی بنائیں۔

15. برائے مہربانی اپنا موبائل نمبر اور ای میل آئی ڈی اسٹاک بروکر کے پاس رجسٹر کرائیں تاکہ آپ کو ٹریڈ کی تصدیق کے الرٹس/ لین دین کی تفصیلات ایس ایم ایس یا ای میل کے ذریعہ، ٹریڈنگ یوم کے خاتمہ پر اسٹاک ایکسچینج سے موصول ہو سکے۔

**ٹریڈنگ ممبرشپ ختم ہونے کی صورت میں**

16. اگر کوئی اسٹاک بروکر اپنی ممبر شپ سرنڈر کرتا ہے، تو اسے رکنیت سے ہٹا دیا جاتا ہے یا اسے ڈیفالٹ ظاہر کردیا جاتا ہے؛ تو اسٹاک ایکسچینج سرمایہ کاروں سے صرف اسی ایکسچینج کے "ٹریڈنگ سسٹم پر کئے گئے لین دین" سے متعلق ایک عوامی نوٹس دعوے طلب کرنے کے لئے جاری کرتا ہے۔ متعلقہ اسٹاک ایکسچینج میں مقررہ دنوں کے اندر متعلقہ دستاویزات کے ساتھ دعوی داخل کرنا یقینی بنائیں۔

17. اسٹاک بروکر کے پاس ڈیپازٹ کردہ رقومات اور / یا سیکیوریٹیز کے لئے دیئے گئے تحفظ سے خود کو واقف کرائیں، خصوصا ڈیفالٹ یا اسٹاک بروکر کے دیوالیہ یا دیوالیہ پن کی صورت میں اور کس حد تک آپ ایسی رقومات اور / یا سیکیوریٹیز کی بازیابی کرپائیں گے اس کا نظم و نسق متعلقہ اسٹاک ایکسچینج کے قوانین و ضوابط اور ذیلی قوانین کے ذریعہ کیا جا سکتا ہے جہاں ٹریڈ عمل میں آیا اور سرمایہ کاروں کے تحفظ فنڈ کی اسکیموں کی وقتا فوقتا عمل میں لائی جانے والی اسکیم کے ذریعہ ہو سکتا ہے۔

**تنازعات / شکایات**

18. برائے مہربانی نوٹ کرلیں کہ ثالثی کاروائیوں، بروکروں کے خلاف جرمانے کی کاروائی اور اسٹاک بروکروں کے خلاف سرمایہ کاروں کی شکایات متعلقہ اسٹاک ایکسچینج کی ویب سائٹ پر پیش کی جاتی ہیں۔

19. اگر آپ کا معاملہ/ مسئلہ/شکایت متعلقہ اسٹاک بروکر/ذیلی اسٹاک بروکر کے ذریعہ حل نہیں کیا جا رہا ہے تو آپ متعلقہ اسٹاک ایکسچینج کے سامنے اس مسئلہ کو پیش کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنی شکایت کے ازالے سے مطمئن نہیں ہیں تو آپ سیبی کے سامنے یہ معاملہ اٹھا سکتے ہیں۔

20. نوٹ کرلیں کہ اسٹاک بروکر/ذیلی اسٹاک بروکرس کے لئے سیبی نے لازم کیا ہے کہ وہ شکایات کی ازالے کے ڈویژن / کمپلائنس افسر کا ایک ای میل آئی ڈی شکایات درج کرانے کی غرض سے مخصوص کریں۔